پریس ریلیز ۷ دسمبر ۲۰۱۶ء

# جامعہ ملیہ اسلامیہ میں سارک چارٹر ڈے کا اہتمام

## ۸ دسمبر کے پروگرام میں محترم جناب منی شنکر ایر اور محترمہ سیدہ سیدین حمید کی شرکت

پریس دعوت نامہ

یو جی سی فروغ انسانی وسائل سینٹر، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور یونیسکو مدن جیت سنگھ انسٹی ٹیوٹ آف کشمیر مطالعات ساتھ مل کر سارک چارٹر ڈے کے اہتمام میں مورخہ ۸ دسمبر کو دن بھر کا ایک پروگرام منعقد کر رہے ہیں۔

یونیسکو کے خیر سگالی سفیر مدن جیت سنگھ کا ۲۰۰۰ء میں قائم کردہ سیکولر، غیر منفعت بخش اور غیر سیاسی تنظیم جنوب ایشیا فاؤنڈیشن کا یہ پروگرام یو جی سی فروغ انسانی وسائل سینٹر، جامعہ ملیہ اسلامیہ میں منعقد ہوگا جس کے لیے وہ ضروری تعاون فراہم کر رہے ہیں۔

اس موقع پر ایک پینل مباحثہ بھی ہوگا جس میں صدارت سابق خارجہ سیکریٹری پروفیسر وینا سکری جامعہ ملیہ اسلامیہ کی ہوگی۔ اس پینل کے شرکا میں جناب سنجے کپور، مدیر ہارڈ نیوز، محترمہ جیوتی ملہوترا سینئر صحافی، سینٹر فار کولونیل اند پوسٹ کولونیل اسٹڈیز لانیاس یونیورسٹی کے ڈاکٹر ہینرک چیتن شامل ہیں۔ پینل مباحثہ کا موضوع 'گورنینس، میڈیا اور پیس بلڈنگ ان ساؤتھ ایشیا' ہے اور یہ صبح ۱۰:۳۰ بجے ہوگا۔ مباحثہ کے بعد ۲:۳۰ بجے ایک فلم کی نمائش بھی ہوگی۔ اس موقع پر بینر اور پوسٹر سازی اور مباحثہ مقابلہ کے پروگرام بھی ہوں گے۔

پنچایت راج کے سابق مرکزی وزیر اور رکن انڈین نیشنل کانگریس محترم جناب منی شنکر ایر مورخہ ۸ دسمبر کو یو جی سی، ایچ آر ڈی سی جامعہ ملیہ اسلامیہ میں ہونے والے ۳:۳۰ بجے ہونے والے الوداعیہ پروگرام کے مہمان خصوصی ہوں گے۔ اس اجلاس کی صدارت منصوبہ بندی کمیشن کی سابق رکن، حقوق نسواں کارکن اور ماہر تعلیم محترمہ ڈاکٹر سیدہ سیدین حمید کریں گی۔

پروفیسر صائمہ سعید
اعزازی میڈیا کوآرڈینیٹر
9891227771